کتابخانه جامع
جامعة العلوم
معاونت پژوهش
مرکز جهانی علوم اسلامی

مرکز جهانی علوم اسلامی

مدرسه عالی فقه و معارف اسلامی

پایان نامه کارشناسی ارشد

رشته فقه و معارف اسلامی

عنوان: (ترجمہ بزبان اردو)

کتاب صلح امام حسن علیہ السلام

مؤلف

شیخ راضی آل یاسین

استاد راہنما:

حجۃ الاسلام والمسلمین آقای ولی الحسن رضوی

استاد مشاور:

حجۃ الاسلام والمسلمین آقای کمیل اصغر زیدی

دانش پژوہ

سید نسیم عباس نقوی

سال ۱۳۸۴

کتابخانه جامع مرکز جهانی علوم اسلامی
شماره ثبت: ۹۹۳
تاریخ ثبت:

بسم الله الرّحمن الرّحیم

تقدیم:

این ہدیہ ناچیز را بہ یوسف زہراء سلام اللہ علیہا حضرت ولی عصر ارواحنا فداہ تقدیم می نمایم۔
امیدوارم چشمان مشتاقان ہمہ منتظران بہ جمال عالم آرامی آن حضرت روشن و منور گردد۔
و بعد از آن ثواب این زحمت ناچیز را بہ پدر بزرگوار سید امیر حیدر نقوی و خواہر محترمہ ہدیہ می نمایم۔

تشکّر وقدردانی:

باتشکّر وقدردانی مسئولین محترم مرکز جهانی علوم اسلامی حوزه علمیه قم که طلاب را به تدوین پایان نامه زمینه پژوهش وقلم زدن رافراهم نمودند، وباسپاس گذاری ازاستادراهنما حجة الاسلام والمسلمین آقای ولی الحسن رضوی درمرحله ترجمه این کتاب ازراهنمائی وهدایت ازمعظم له بهره گرفتیم، همچنین ممنون وسپاس گذاریم ازمشوره های علمی وگران مایه استادمشاور حجة الاسلام والمسلمین آقای کمیل اصغر زیدی که دایم ازمشوره های ایشان برخورداریم، واز خداوندمتعال توفیق مزید آن رادرافاضه علم ودانش وادامه راهنمائی های ومشاوره های علمی برائے شاگردان مکتب امام صادق علیہ السلام خواستاریم۔

بسمه تعالی

الحمد لله رب العالمین والصلوٰة والسلام علی رسوله الکریم آله الطیبین الطاهرین المعصومین

اسم مبارک آنجناب حسن علیه السلام، کنیت ابومحمد، لقب مجتبیٰ، پدرش امیر المؤمنین علی بن ابیطالب علیه السلام مادرش فاطمة الزهراء بنت پیغمبر اکرم صلی الله علیه وآله وسلم، تعداد همسران، ۸ تا ۱۰ بودند که از آنها امّ فروه و جعده بنت اشعث بود که به اغوای معاویه آنحضرت را مسموم و شهید کرد، فرزندان آنحضرت ۱۵ نفر بودند، که از آنها قاسم و حسن مثنی و زید بودند، و نسل آنحضرت فقط از حسن مثنی و زید باقی ماند۔

ابوالفرج اصفهانی نوشته است، معاویه میخواست برای پسرش یزید بیعت بگیرد و در انجام این کار، هیچ چیز برای او گرانبارتر و مزاحم‌تر از حسن بن علی علیه السلام و سعد بن ابی وقاص نبود، بدین جهت هر دو را با وسایل مخفی مسموم کرد۔

موقعیت سیاسی: پیش از بیعت: بزرگترین حادثه در تاریخ اسلام درگذشت پیغمبر خدا بود که با این حادثه، عالم ظلمتی شرآفرین فرورفت و زمین با مرگ پیغمبر از آسمان منقطع گشت، ولی رسول خدا صلی الله علیه وآله وسلم آزمائش دشوار و معصیت بزرگی را که مسلمان بر اثر انقطاع وحی به آن دچار خواهد شد، از پیش درک کرده بود از این جهت فرمود که من در میان شما کتاب خدا و عترت و خاندانم را میگذارم، اگر بدان چنگ زنید گمراه نخواهید شد۔ بیعت: اگر دین در منطق اسلام آن چیزی است که پیغمبر خدا ابلاغ می کند زیرا فقط او است که از روی هوس سخن نمی گوید و گفته اش وحی الهی است، اگر خلیفه در نظام اسلامی آن کسی است که پیغمبر اکرم صلی الله علیه وآله وسلم به حکم الهی آن بالاترین مرجع در اثبات و نفی است و او را به مقام دین منصوب میکند، پس حسن بن علی علیه السلام بی هیچ گفتگو خلیفه شرعی است، مردم به او بیعت بکند یا نکند، رسول اکرم صلی الله علیه وآله وسلم او را به نام و نشان در ردیف خلفای دوازده گانه اش معرفی که شما هر دو کرده است، امام و پیشوا اید و مادرتان راحق شفاعت است، امام حسن علیه السلام بعد از شهادت پدر بزرگوار، روز بیست و یکم در مسجد کوفه خطاب کرد و بعد از آنحضرت عبیدالله بن عباس بلند شد و با صدا طنین گفت، ای مردم، این پسر پیغمبر و جانشین، پیشوا و امام شما است با او بیعت کنید که خدا به وسیله او دنباله روان رضای خود را به راه راست رهبری میکند، آن وقت مردم با شوق و رغبت به بیعت او شتافتند، حتی که بصره و مدائن و سرتاسر عراق نیز با کوفه در بیعت امام حسن بن علی علیهما السلام کهماهنگ شدند، حجاز و یمن نیز به دست فرمانده جاریه بن قدامه بیعت کردند، و فارس به دست زیاد بن عبید بیعت کردند۔ کوفه در روزهای بیعت: بسیاری از مردم که خود پرستی و سود جوئی به مرز عقیده ی آنان نیز تجاوز کرده بود می پنداشتند با بیعت کردن با حسن بن علی علیه السلام که دارای خُلق و خوی یادآور پیغمبر بود، راهی به اشباع خواسته ها و ارضای هوس و طمع های خود خواهند یافت ولی این خُلق و خوی عظیم را فهمیده نبودند، بسیاری از کسانی که در هیچ

رأی وفکر با امام حسن علیه السلام هم عقیده نبودند، نیز همین اشتباه را داشتند ،لذا مثل مؤمنان مخلص، از روی میل و رغبت با او بیعت کردند ،سپس به زمانی کوتاه اولین کسانی بودند که از میدان گریختند حتی به پشت سرخود بنگرند، علت اصلی صراحتی در حکم و قاطعیتی در اجرای عدالت بود و این اخلال گری و فتنه انگیزی این عدّه فقط این بود که از سود مادی این رژیم مأیوس شده بودند، معاویه از این موقعیت فرصت مناسب دست آورد که اخلال گری خود را آغاز کند که از خزائن شام پیوسته جلوه ی دلپذیر پول و وعده های را برابر چشمشان قرار داد، از این جهت حسن بن علی علیهما السلام دستخوش دگرگونگی نشست آراء و اختلاف و برملا شدن کینه و دشمنی میان بزرگی از مردم شده بود، که روزهای بیعت حسن علیه السلام جنبان و بانی این فساد بودند به چند دسته تقسیم می شدند۔ تصمیم بر جنگ: چون معاویه، تا بود همواره، دشمن این هدف ها و معارض منادیان این اصلاحات بوده بالآخرهم با سرکشی و طغیان از جامعه مسلمین کناره گرفته و هوس حکومت در جان او ریشه دوانید و منافع شخصی در ادراک و روش او اثر گذارده بود که ناچار حسن بن علی علیهما السلام نیروی توده های مسلمان را برضد او بسیج کند ،و او را به حکومت الهی بطلبد .....و خدا بهترین حکم کنندگان است، ولی پس از چندی ناگهان فرمان جهاد داد، و رسماً اعلان جهاد کرد۔ بسیج و فرماندهی: منادی در کوفه فریاد آورد، (الصلوة جامعة) مردم در مسجد جمع شدند، حسن بن علی علیهما السلام بالا منبر رفت خدا ستایش و سپاس کرد، و سپس فرمود، خدا بر مردم جهاد را واجب کرده است پس پایداری کنید که خدا به پایداران است، مردم سکوت کردند و به هیچ زبان به سخن نگشودند و امام حسن علیه السلام را به یک کلمه پاسخ ندادند! عدی بن حاتم بلند شد، و برستی و سکوت این ها نکوهش کرد، منم عدی بن حاتم، و چه زشت است این رفتار شما! چرا پیشوا و فرزند رسول را پاسخ نمی دهید سپس روی به حسن بن علی علیه السلام کرد و گفت من همین لحظه به اردوگاه می روم هر که میخواهد با ما باشد، بسم الله، و از مسجد خارج شد، بعد آنحضرت مغیره بن نوفل را بر کوفه گماشت تا مردم را برائے جنگ ترغیب کند و نخیله فرستد و آنحضرت با اطرافیان از شهر خارج شد، عدد سپاه: تعداد سپاه حسن بن علی علیه السلام در آغاز دعوت جهاد در دست نیست، ولی بنا بر نقل بسیاری از مآخذ تاریخی ۱۲ هزار الی ۴۰ هزار ذکر کرده اند، عناصر سپاه: در آن زمان برائے مجاهد هیچ گونه استعداد و سن خاص نظر گرفته نمی شد، و سربازی هم اجباری نبوده، برائے برانگیختن مردم به اطاعت بیشتر از آئین اسلام و تبلیغ استفاده میکردند، مثل حجر بن عدی را برائے تبلیغ معدم فرستاد تا مردم را جمع کند و میدان جنگ بفرستد۔ عبیدالله بن عباس: این سپه سالار غدار و جویای انتقام دو فرزند بی گناه خود داشت ایشان وقتی مسکن رسید، معاویه قاصد را فرستاد و طمع حکومت بعضی از شهر عراق و شام داد، و پانصد هزار دینار نقد فرستاد که این فریب خورده به جهت تبلیغ آن راه فرار اختیار کرده و به هشت هزار نفر به معاویه پیوست۔

فہرست مطالب

صفحہ

عنوان

آغاز گفتگو: مرحوم آیت اللہ علامہ سید شرف الدین موسوی............ ۴

پیش لفظ: ۱۷

پہلا باب:

حسن بن علی علیہما السلام کے حالات ۲۳

دوسرا باب:

سیاسی موقعیت: ۳۳

پہلی فصل:

قبل از بیعت: ۳۴

دوسری فصل:

بیعت: ۴۸

تیسری فصل:

کوفہ بیعت کے دن: ۶۰

۱گروہ اموی: ۶۴

۲: خوارج: ۶۵

۳: کثیر الشک: ۶۷

۴الحمرآء: ۶۷

چوتھی فصل:

جنگ کا ارادہ: ۷۴

پانچویں فصل:

سپاہ و جرنیل سپاہ: ۹۱

چھٹی فصل:

سپاہ کی تعداد: ۱۰۲
۱:علامہ مجلسی.. ۱۰۳
۲:ابن ابی الحدید ۱۰۴
۳:زہری ۱۰۴
۴:مسیّب بن نخبۃ کی گفتگو.. ۱۰۴
۵:ابن اثیر ۱۰۵
۶:امام حسن علیہ السلام کی گفتگو ۱۰۵
۷:ابن قتیبۃ دینوری ۱۰۵
۸:امیر شام کی تھدید میں زیاد بن ابیہ کا جواب.. ۱۰۶
بحث و تحلیل: ۱۰۶
۱:سپاہ کی تعداد : ۱۰۷
۲:۷۰ یا ۸۰ ہزار کی تعداد کی تحقیق ۱۰۸
۳:سپاہ کی تعداد ۴۰ ہزار ۱۰۸
۴:لشکر عظیم ۱۱۰
۵:۰ روایت بحار ۱۱۰

ساتویں فصل:
سپاہ کے افراد : ۱۱۳
آٹھویں فصل:
عبیداللہ بن عباس ۱۲۳
نویں فصل:
تقدیر خدا ۱۳۱
۱: حالت اوّل ۱۴۲
۲: حالت دوّم ۱۴۲
دسویں فصل:
متزلزل حکومت ۱۵۰
گیارہویں فصل:
عقیدہ؟ یا حکومت؟ ۱۶۱
فہرست منابع: ۱۷۷

آغاز گفتگو: مرحوم علاّمہ عبدالحسین شرف الدّین موسوی عاملی

امیر شام کے ساتھ امام حسن علیہ السلام کی صلح اہل بیت علیہم السلام کے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد امت کے ہاتھوں پیش آنے والے مشکل ترین حوادث سے تھی اس صلح سے امام حسن علیہ السلام کو ایسی مشکلات پیش آئیں کہ ان کا کوئی بھی خداوند متعال کی مدد کے بغیر تحمل نہیں کر سکتا تھا، لیکن آپ نے اس عظیم آزمائش کو بڑے صبر وتحمل اور پائیداری سے طے کیا اور بڑی ہی سربلندی ومتانت اور کامیابی کے ساتھ اپنے ہدف ومقصد یعنی خدا اور رسول اور قرآن کے حکم اور مسلمانوں کی فلاح ونجات کی تکمیل کی، یہ وہی ہدف ومقصد ہے جو آپ نے ہمیشہ اپنے ہر قول وفعل میں پیش نظر رکھا اور جس سے آپ کو عشق رہا ہے۔

وہ لوگ جنہوں نے آپ کو اس صلح کی وجہ سے آرام طلبی اور عافیت پسندی سے متہم کیا تھا اور شیعوں کا وہ گروہ کہ جن کی یہ آرزو تھی کہ اے کاش آپ صلح کے بجائے امیر شام سے جہاد کرتے اور راہ شہادت سے حیات ابدی کو حاصل فرماتے، جس طرح آپ کے بھائی امام حسین علیہ السلام نے روز عاشوراء کامیابی حاصل کی تھی، اے کاش وہ بھی اسی راہ کو انتخاب کرتے تو کیا اچھا ہوتا، لیکن یہ دونوں گروہ عقل وفکر کی نظر میں کوئی قدر وقیمت اور اہمیت نہیں رکھتے۔

لیکن عجیب بات یہ ہے کہ کچھ لوگ آج تک صلح امام حسن علیہ السلام کے بارے کج اندیشی اور شک وشبہہ سے دوچار ہیں اور کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو محکم ومستند عقلی ونقلی دلائل وشواہد سے اس مسئلے کی تحقیق کر کے حقیقت کو واضح طور پر بیان کرتا۔

میں خود مختلف ادوار میں اس کوشش میں رہا، لیکن خداوند عزّ وجل کی حکیمانہ مشیّت کچھ اس طرح تھی کہ اس شخص کو اس کام کے لئے منتخب کرے جو اس کی لیاقت بھی رکھتا ہو اور اس کام کے لئے سب سے زیادہ سزاوار بھی ہو، وہ اس انوکھی کتاب صلح امام حسن علیہ السلام کی تألیف میں اپنی کمال دانشمندی کا ثبوت پیش کر سکے، چنانچہ یہ کتاب صلح امام حسن علیہ السلام اس موضوع پر فصل الخطاب

(یعنی کلام آخر) کی حیثیت رکھتی ہے اور حق و باطل کے درمیان حد فاصل ہے۔

میں نے اس کتاب کی چند درخشندہ فصلوں کا مطالعہ کیا جو مؤلف کے فضل و بزرگواری کی علامت ہیں جس سے پتہ چلتا کہ اس کتاب میں واقعاً کامل دقت نظر، محنت و مشقت اور میانہ روی سے کام لے کر دلیلیں فیصلہ کن انداز میں پیش کی گئیں ہیں اور روایات نقل کرنے میں چھوٹے چھوٹے نکات پر توجہ، تلاش و جستجو اور احتیاط سے کام لیا گیا ہے، یہ کتاب بحث مناظرہ کے اصولوں پر کامل نظر کو بیان کرتی ہے اور جو چیزیں بھی موضوع کے لئے مناسب تھیں اُن سب کا احاطہ کئے ہوئے ہے، بہترین اسلوب کلام میں روانی، مختصر الفاظ میں حرف مطلب کی ادائیگی (یعنی بلاغت) اور حسب ضرورت کلام کو طول دینے میں زیبائی و جاذبیت کا خیال رکھا گیا ہے، میں نے اس کتاب کو بالکل مصنف بزگوار کی شأن کے مطابق پایا ہے۔

یہ کتاب منظم فکر اور خلاق و مبتکرانہ مطالب پر مشتمل ہے اور تمام مطالب آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے لبریز اور اُبلتے چشمہ کی طرح ہیں جو اپنے اندر عقلی و نقلی دلائل کو ذخیرہ کئے ہوئے ہیں، موضوع کے مناسب حال مطالب تمام جہات سے آپس میں جڑے ہوئے نہایت ہی کامل و قیمتی اور ایک دوسرے سے وابستہ ہیں، جگہ جگہ ضروری اعتراضات اور اُن کے جوابات اس کتاب کے اصل خصائص میں سے ہیں۔

صاحب کتاب اعلیٰ اللہ مقامہ..... پڑھنے والا اس کتاب کے مطالب کو پڑھ کر مؤلف کی عظمت و شخصیت کو پہچان سکتا ہے اگر میں مصنف کو ذاتی طور پر نہ بھی جانتا ہوتا تو اس کتاب کے نفیس مطالب کو پڑھ کر اُن کی عظمت کو سمجھ لیتا، لیکن یہ کتاب اُن کی عظیم شخصیت کی شناسائی کے لئے کافی ہے، اُن کی یہ بہترین کلام، پُر سکون طبیعت، وسیع القلبی، نرم رفتاری، علم و فہم سے لبریز ذہانت، وسیع اطلاعات، بہترین انداز میں گفتگو، لہجہ کی مٹھاس، کنایہ کی لطافت، فصیح و بلیغ حکمت آمیز باتیں، قول و فعل میں خوش اخلاقی کا مظاہرہ ان کی فضیلت کی زندہ مثال ہیں، بلند اخلاق سے آراستہ، سلیم الطبع انسان، علوم آل محمد علیہم السلام سے ٹھاٹیں مارتا ہوا قلب، اسرار آل محمد علیہم السلام سے آشنا ذہن جس پر پیچیدہ مطالب آشکار ہیں اور ہر عیب و ہنر سے آگاہی رکھتا ہے، یہ تمام صفات ظاہرہ انسان کی پہچان ہیں۔

اگر کوئی شخص اس کتاب کے مطالب کا دقت نظر سے جائزہ لے اور معاویہ و امام حسن علیہ السلام کے حالات کا تحقیق سے مطالعہ کرے تو سمجھ لے گا کہ یہ واقعہ کوئی نیا پیش آنے والا واقعہ نہیں ہے، بلکہ دونوں ہی ایک مختلف کردار کے جانشین ہیں، امام حسن علیہ السلام کا اخلاق قرآن و سنت کا اخلاق اور امیر شام، بنی امیہ کے اخلاق کا مالک ہے، اگر آپ چاہیں تو اس طرح بھی کہہ سکتے

ہیں کہ حسن علیہ السلام اخلاق محمد وعلی علیہما السلام کے مالک اور امیر شام اخلاق میں ابوسفیان و ہند کا جانشین تھا، یہ دونوں اخلاق میں ایک دوسرے کے بالکل مخالف نقطہ مقابل کہے جاسکتے ہیں، جو کوئی بھی ان دونوں کے حالات کا پوری طرح سے جائزہ لے تو بڑی آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ ان دو میں سے کون حق پر اور کون باطل پر تھا۔

چنانچہ جس وقت اسلام کا بول بالا ہوا اور ذات وحدت نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح مبین نصیب فرمائی اور اپنی نصرت کاملہ سے نوازا تو بنی امیہ کی برائیوں کا شعلہ شرارت وقتی طور پر ٹھنڈا پڑ گیا، ابوسفیان اور اُس کے دوستوں کے عزائم خاک میں مل گئے اور وہ حیران و ششدر ہوکر رہ گئے، آپ نے قرآن حکیم، صراط مستقیم اور شمشیر محمدی کی برکت سے مقابلے میں آنے والی ہر قوت کو شکست دیدی، مگر وہ حق وحقیقت جو خدا کی طرف سے جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لے کر آئے تھے اس کے صدقے میں باطل کے چہرے پر پڑے حجاب ہٹ گئے اور اس کا حقیقی چہرہ درخشان ہوگیا، اُس وقت ابوسفیان، اُس کی اولاد اور اُس کے ساتھیوں کے لئے اسلام قبول کر لینے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں رہ گیا تھا، اگر مقابلہ کرتے تو جان خطرے میں تھی اس لئے اسلام قبول کر کے انہوں نے اپنی جانیں محفوظ کر لیں، لیکن ان کے دلوں میں محمد آل محمد علیہم السلام کی دشمنی بھری ہوئی تھی اور سینہ میں کینہ کی آگ شعلہ ور تھی، وہ اپنے مکر وحیلہ سے کام لے کر اس کو اپنے دل میں پال رہے تھے، دوسری طرف پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ صرف ان کی دلی دشمنی سے اگاہ تھے بلکہ اُن کی فراوان مالی مدد بھی کرتے تھے اور اُن کی دوستی جذب کرنے کے لئے ہمیشہ اُن سے محبت واخلاق کے ساتھ پیش آتے تھے کہ شاید اُن کی اصلاح وہدایت ہو جائے، آپ بڑے حوصلہ اور وسیع القلبی کے ساتھ ان کا سامنا کرتے تھے، جیسا کہ آپ دوسرے منافقین سے پیش آیا کرتے تھے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خندہ پیشانی سے پیش آنا باعث بنا کہ مجبوراً انہیں اپنی دشمنی کو آنجناب سے مخفی رکھ کر خود کو مسلمان ظاہر کرنا پڑا۔

شاید یہی خوف ولالچ کے تحت کیا جانے والا اظہار محبت جس میں انہوں نے اپنا کینہ وحسد چھپا رکھا تھا باعث بنا کہ لوگ آہستہ آہستہ بنی امیہ کے وطن مکہ کی اذیتوں کو بھی بھول گئے، فتح وکامیابی کے میدان میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے بعد بنی امیہ کی پہچان فقط یہ رہ گئی تھی کہ یہ خاندان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہیں، لیکن کچھ عرصہ بعد جب ان لوگوں کو فرصت ملی تو مسند رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانشین بن بیٹھے، اس وقت امیر شام نے یہ موقعہ ہاتھ سے نہ جانے دیا اور حکومت کے سایہ میں اپنے آپ کو اسلام کے قوی ترین گورنروں میں شامل کر لیا تا کہ کردار وگفتار میں مسلمانوں کا شائستہ ترین امیر نظر آئے، اس طرح امیر شام نے ہوشیاری کے ساتھ اپنی مکارانہ سیاست کے ذریعے گورنری اسلام سے سلطنت کا استفادہ کیا، جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے اس کی خبر دی تھی، انہوں نے دین خدا کو اپنی فریب کاری کا ذریعہ قرار دیا، لوگوں کو اپنا غلام بنایا، مال خدا کو اپنا ذاتی مال سمجھا، کیا رسول اسلام محمد مصطفیٰ ﷺ کی رسالت یہی ہے؟ خلیفہ دوم وسوم کے دور حکومت میں امیر شام نے اپنی بیس سالہ امارت کے دوران ایسی فعالیت دکھائی کہ شام میں اپنے لئے ایک مستقل حکومت قائم کرنے اور لوگوں کو اپنی بخشش وعطا کا گرویدہ بنانے میں کامیاب ہوگئے، شام کے لوگ پوری طرح اس کے طرفدار و مددگار ہوگئے، اس لئے اسلامی مملکت میں ان کی حیثیت ممتاز نظر آنے لگی، دوسرے علاقوں کے مسلمانوں میں ان کی شناخت قریش (یعنی رسول خدا ﷺ کے خاندان) اور صحابہ سے ہونے لگی یہاں تک کہ یہ لوگ اصحاب سابقین یعنی ابوذر، عمار یاسر ومقداد جیسے اصحاب سے بھی زیادہ مشہور ہوگئے، اس طرح بنی امیہ کا گروہ دوبارہ اقتدار پر آگیا اور انہوں نے بنی ہاشم سے اپنی دشمنی نکالنی شروع کردی، اُسی مکر وحیلہ کے ساتھ گذشتہ دشمنی اسلام کے راستہ پر چل پڑے۔

آہستہ آہستہ زمانہ گذرنے کے ساتھ اپنی شیطانی روش سے عام لوگوں کو دھوکا وفریب دیا اور خواص کو بیت المال سے اندھا دھند تحفہ وانعام اور عہدہ ومنصب سے نوازا جبکہ خداوند متعال نے ان جیسے خیانت کاروں پر یہ چیزیں حرام قرار دیں تھیں، اس طرح امیر شام نے اپنی اس روش میں کامیابی کے لئے اس علاقے میں مسلمانوں کو نصیب ہونے والی کامیابیوں سے خلفاء کی خوشنودی حاصل کرنے میں فائدہ اُٹھایا، جب امیر شام نے اپنی چال بازیوں اور مکاریوں سے بنی امیہ جو چاہتے تھے اس کی راہیں ہموار کرلیں پھر طاغوت کی مدد سے احکام الٰہیہ کی طرف دست درازی شروع کردی اور اُن کو تحریف وتبدیلی سے تباہ کرنا شروع کردیا، یہاں تک کہ لوگوں کو دوبارہ جہالت کے راستے پر لگانے میں کامیاب ہوگئے اور اُن کو دین کی طرف سے لاپروا، بے اعتقاد اور منحرف کردیا اور اپنے اصلی مادی ہدف ومقصد اور زمانہ جاہلیت کے خاندانی امتیازات کے حصول میں لگ گئے، لیکن عام لوگ ان چیزوں سے بے خبر تھے، کیونکہ اسلام کے بنیادی اصول اور حکم (یعنی دین اسلام کا قبول کرلینا) ماضی کی گذشتہ برائیوں کو پاک کردیتا ہے جبکہ بنی امیہ کی تاریخی شرمناک برائیوں پر پردہ ڈال دیا گیا تھا، خصوصاً رسول اکرم ﷺ نے بھی اُن کو معاف فرمایا اور ان کا دل جیتنے کی کوشش کی، رسول اکرم ﷺ کے بعد خلفاء نے بھی اس خاندان کو اپنے نزدیک رکھا اور امارات دے کر ان کو غیر معمولی امتیازات عطا کئے، اسی لئے بنی امیہ کا گروہ پوری آزادی کے ساتھ ۲۰ سال تک کامیاب حکومت کرتا رہا اور جبکہ نہ ان کو کوئی روکنے ٹوکنے والا تھا اور نہ ہی وہ کسی کی روک ٹوک سے غرض رکھتے تھے، اس طرح انہوں نے اپنی موافق آمیز زندگی کو جاری رکھا۔

خلیفہ دوم بیت المال جمع کرنے والوں پر سختی سے کنٹرول کرتا تھا اور اُن سے حساب لیتا تھا اس کام کے لئے اُسے کوئی چیز مانع نہیں تھی لیکن بات یہاں تک پہنچی کہ خالد بن ولید جو کہ قنسرین پر عامل تھا اُس نے اشعث کو دس ہزار درہم دیئے تو خلیفہ بڑا خشمگین ہوا، بلال حبشی کو حکم دیا کہ اس کو عمامہ سے باندھ کر ننگے سر و پاؤں حکومت کے لوگوں کے سامنے ایک پاؤں پر کھڑا کرو تاکہ جامع مسجد حمص میں لوگ اس سے سوال کرسکیں کہ ان دیناروں کو اپنے مال سے دیا ہے یا بیت المال سے؟ اگر اپنے مال سے دیا ہے تو اسراف کیا ہے اور خدا مسرفین کو دوست نہیں رکھتا، اگر تو نے بیت المال سے دیا ہے تو خیانت کی ہے اور خدا خیانت کاروں سے بیزار ہے، اس کے بعد خلیفہ نے اُس معزول کر دیا حتی کہ آخر عمر تک اُسے کوئی منصب نہ دیا۔

پھر اس کے بعد ابو ہریرہ کو بلایا اور اُس سے کہا جس دن میں نے تجھے بحرین کا عامل بنا کر بھیجا تھا اُس وقت تیرے پاؤں میں جوتا تک نہیں تھا لیکن اب میں نے سنا ہے کہ تو نے ایک ہزار چھ سو دینار کا گھوڑا فروخت کیا ہے! ابو ہریرہ نے جواب دیا میں کچھ گھوڑے رکھتا تھا جن کے بچے پیدا ہوئے اور کچھ مقدار میں لوگ میرے لئے ہدیہ لائے تھے، خلیفہ ثانی نے کہا میں تیری زندگی کے خرچ کو جانتا ہوں یہ چیزیں تیرے لئے زیادہ ہیں ان کو بیت المال کی طرف لوٹا دو، ابو ہریرہ نے کہا تجھے کوئی حق حاصل نہیں کہ میرے مال کو واپس لو،

خلیفہ ثانی نے کہا کیوں! میں تجھے اتنے تازیانے ماروں گا کہ تیری پیٹھ درد کرے گی، پس خلیفہ ثانی اٹھے اور اُس کو اتنے تازیانے مارے کہ اُس کی پیٹھ خون آلودہ ہوگئی، کہا ابھی جاؤ اور دینار لے کر آؤ، پس ابو ہریرہ کے پاس اطاعت کے علاوہ کوئی چارہ ہی نہیں تھا اور کہا اس کا حساب تجھ سے خدا کے پاس لوں گا۔

خلیفہ ثانی نے کہا کہ یہ اُس صورت میں درست تھا کہ اگر تو اس مال کو راہ حلال سے جمع کرتا اور اپنی رضا و رغبت سے دیتا! اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بحرین میں مال تیرے لئے جمع ہوتا تھا نہ کہ خدا و بیت المال کے لئے! ماں نے تجھے فقط گدھے چرانے کے لئے پیدا کیا تھا۔

لیکن خود ابو ہریرہ: اس واقعہ کو یوں بیان کرتا ہے جس وقت خلیفہ ثانی نے مجھے حکومت بحرین سے معزول کیا تھا، مجھے کہا اے دشمن خدا و قرآن! تو نے مال خدا کو چوری کیا ہے؟! میں نے کہا: میں دشمن خدا و قرآن نہیں ہوں میں تیرے دشمنوں کا دشمن ہوں اور نہ ہی میں نے مال خدا کو چوری کیا ہے، خلیفہ ثانی نے کہا: پھر یہ دس ہزار درہم کہاں سے جمع کئے ہیں؟ میں نے کہا

میرے پاس گھوڑے تھے جن سے بچے پیدا ہوئے اور اس کے ساتھ ہدیہ وغیرہ بھی تھا اور جو کچھ مجھے بیت المال سے ملتا وہ بھی تھا اس کے باوجود اُس نے وہ تمام مال مجھ سے واپس لے لیا، اس قسم کے بہت سے واقعات گورنروں اور خلیفہ ثانی کے درمیان گذرے ہیں، اگر کوئی شخص صاحب مطالعہ ہو تو ایسے واقعات بہت سی کتابوں میں دیکھ سکتا ہے۔

اسی طرح خلیفہ ثانی نے ابوموسیٰ اشعری، قدامہ بن مظعون، حارث بن وہب جو قبیلہ بنی لیث بن بکر سے تھا اُن کو معزول کیا اور اُن سے تمام مال واپس لے لیا (۱) خلیفہ ثانی کی گورنروں کے ساتھ یہ حکمت عملی تھی کہ کبھی بھی اُن سے نرمی اختیار نہیں کی، لیکن ان تمام واقعات کے باوجود امیر شام اُس کا قریبی دوست تھا اگر چہ ان دونوں کی روش میں بہت فرق تھا، مگر اس کے باوجود خلیفہ ثانی نے نہ کبھی اُس کو کسی کام سے روکا اور نہ کبھی کوئی حساب لیا صرف اتنا ہی نہیں بلکہ اُس سے یہ بھی کہا کرتا تھا کہ میں تجھے کبھی امر و نہی نہیں کروں گا، یعنی ہر کام کو اُس کی رائے و ارادہ پر چھوڑا ہوا تھا۔

یہ چیز اُس کی سرکشی وطغیانی کا سبب بنی تھی، اس ارادہ نے امیر شام کو بنی امیہ کے پست کام جاری رکھنے پر برقرار رکھا، اس کے مخفی مکر وحیلہ نے امام حسن وامام حسین علیہما السلام کو پُر خطر مقام پر لا کھڑا کیا، اسلام کو اسلام کے نام پر رسوا کیا اور نور حق کو حق وحقیقت کے عنوان سے خاموش کرنے پر تُلا رہا، مگر ان دو معصومین علیہما السلام نے دیکھا کہ امام حسن علیہ السلام کی خلافت میں قیام، دین کے دفاع، راہ خدا اور صراط مستقیم کی راہنمائی کے لئے نابودی کا سبب بنے گا، اگر یہاں امام حسن علیہ السلام اپنے آپ، بنی ہاشم اور دوستوں کو اس خطرناک مرحلہ میں داخل کرتے اور ان کو امیر شام کی طاقتور ومسلح فوج کے مقابل میں لاتے (۲) جیسا کہ امام حسین علیہ السلام نے عاشوراء کے دن فدا کاری وقربانی پر ہمت باندھی تھی، بے شک یہ جنگ ان تمام افراد کی نابودی کا سبب بنتی، اس طرح گروہ بنی امیہ واضح طور پر کامیابی سے ہمکنار ہوتا، جبکہ یہ کامیابی ان کے ہاتھ میں نہیں تھی اور نہ ہی اس کی فکر کر رہے تھے اس وقت یہ کامیابی ان کے لئے ایک لاجواب کامیابی ہوتی۔

پس ان افراد کی نابودی کے بعد امیر شام کے لئے میدان خالی ہو جاتا اور ان کا مقابلہ کرنے والا کوئی بھی موجود نہ ہوتا اور حملہ کرنے میں ان کے لئے تمام امکانات مہیا ہوتے، اس کے نتیجہ میں امام حسن علیہ السلام جس چیز سے دوری اختیار کر رہے تھے

---

(۱) اس بات کو زبیر بن بکار نے کتاب الموفقیات میں اور ابن حجر نے الاصابۃ کے حصہ اول حالات حارث بن وہب میں نقل کیا ہے

(۲) اس کی شرح کو مؤلف بزرگوار نے کتاب میں وضاحت سے بیان کیا ہے

اُسی میں دو چار ہو جاتے، جبکہ امام علیہ السلام کی یہ فدا کاری وقربانی عام لوگوں کی نظر میں اعتراض وایراد کے علاوہ اور کوئی اثر باقی نہ چھوڑتی (۱) اس لئے امام حسن علیہ السلام نے احساس فرمایا کہ امیر شام کو اُس کی سرکشی و گستاخی پر آزاد چھوڑ دیا جائے اور جو قدرت اُس کے پاس موجود ہے اُسی سے عمومی آزمائش میں مبتلا رہے، اس صورت حال میں امام علیہ السلام نے امیر شام سے عھد و پیمان لیا کہ اپنی اور اپنے دوستوں وطرفداروں کی روش کے باوجود قرآن وسنت سے تجاوز نہیں کروگے اور شیعوں کو بنی امیہ کے گناہوں کی سزا نہیں دی جائے گی۔

تمام وہ حقوق جو دوسرے لوگ بیت المال سے حاصل کرتے ہیں، اُن سے شیعوں کو محروم نہیں کیا جائے گا، دوسری شرائط کے بارے میں امام علیہ السلام جانتے تھے کہ امیر شام ان پر عمل نہیں کرے گا بلکہ ان کے خلاف کام کرے گا (۲) اس صلح سے امام حسن علیہ السلام نے بنی امیہ کے بدنما چہرہ سے نقاب ہٹانے کی کوشش کی ہے تاکہ جس رنگینی وفریب کاری سے امیر شام نے اپنا اصل چہرہ چھپا رکھا ہے اُس کی اصل واقعیت کو ظاہر کیا جائے، امام حسن علیہ السلام نے یہ ایسا پُر وقار کام کیا جس سے امیر شام اور بنی امیہ کے باقی سرکردہ افراد کا چہرہ جاہلیت روز روشن کی طرح واضح ہو گیا اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ ان کے دل روح اسلام سے دور

....

(۱) کیونکہ امیر شام بڑے اصرار سے امام علیہ السلام سے صلح کا تقاضا کر رہا تھا، یعنی ہر شرط کو خدا اور امت کے نفع میں قبول کرنے کے لئے آمادگی کا اظہار کر رہا تھا اور امت مسلمہ کی جان ومال کی حفاظت کا اصرار کر رہا تھا، یہ پیش نہاد عمومی طور پر دونوں لشکر تک پہنچ چکی تھی اور تمام لوگ اس بات سے اگاہ ہو چکے تھے، حالانکہ تمام لوگ جانتے تھے، حتی امام حسن علیہ السلام و امیر شام اور دونوں سپاہ کو بھی معلوم تھا کہ اگر جنگ جاری رہی تو کامیابی امیر شام کی ہوگی، اگر ان حالات میں امام حسن علیہ السلام جنگ جاری رکھنے پر اصرار فرماتے اور کامیابی سے ہمکنار نہ ہوتے تو ہر شخص اپنے کو یہ حق دیتا کہ اُن کی سرزنش کرے اور جو کچھ ان کی زبان پر جاری ہوتا کہتے اس دن اگر امام حسن علیہ السلام جنگ کے اس عذر کو قبول نہ کرتے، جبکہ امام علیہ السلام جانتے تھے کہ امیر شام ان صلح کی شرائط پر عمل نہیں کرے گا اور کبھی بھی جان ومال اور دین امت مسلمہ کا امین نہیں ہو سکتا تو کوئی بھی امام علیہ السلام کے اس عذر کو قبول نہ کرتا، کیونکہ امیر شام ان شرائط کو قبول کرنے سے تمام لوگوں کی آنکھوں میں خاک دھول چکا تھا، جبکہ بنی امیہ کا یہ بدترین چہرہ ابھی تک ظاہر و آشکار نہیں ہوا تھا، جس سے لوگ امام حسن علیہ السلام کی نظر کو قبول کرتے اور آپ کی مدد یا امیر شام کی سرزنش کرتے، جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں، جبکہ لوگ ان کو ایک بے سابقہ مسلمان ہونے سے حیثیت دیکھتے تھے اور تبلیغات امیر شام سے لوگ بڑے متأثر ہو چکے تھے، لیکن امام حسین علیہ السلام کے زمانے میں ان کے فریب نما چہرہ سے پردہ ہٹ چکا تھا جس سے آپ کی فدا کاری اور قربانیاں حقیقت واھل حقیقت کے لئے آثار جاودانہ چھوڑ گئیں،، شکر خدا،، اس کی مزید وضاحت کے لئے اس کتاب کی فصل چودہ میں رجوع کریں

(۲) متن شرائط و عھد نامہ کا مطالعہ اس کتاب کی فصول میں کر سکتے ہیں

تعبیر فرمایا، جس طرح صلح حدیبیہ میں پیغمبر اکرم ﷺ کے قریبی اصحاب نے اس صلح پر اعتراضات کئے تھے، اسی طرح امام حسن ؑ کی صلح پر آپ کے قریبی ساتھیوں نے اعتراضات کی بوچھاڑ کردی تھی، لیکن اس بات نے آپ کے قطعی ارادہ پر کوئی لطمہ وارد نہیں کیا اور نہ ہی آپ نے اس سے دل تنگی کا اظہار فرمایا، اس روش کو آپ نے باقی نو اماموں کے لئے بطور نمونہ چھوڑا ہے، اس کے بعد ان دو سردار جوانان جنت نے اس نمونہ سے الہام لیتے ہوئے اپنی حکیمانہ اور مدبرانہ سیاست جس سے ہنگامی شرارت کو آرام و پُرسکون رکھنے کے لئے بڑی متانت سے رہبری کر رہے تھے انتخاب فرمایا، درحقیقت یہ روش خاندان پیغمبر اکرم ﷺ کی سیاست کا ایک حصہ تھا جس کا مبنی ہمیشہ حق تھا نہ کہ ذاتی کامیابی، اس صلح سے امام حسن ؑ چاہتے تھے کہ امیر شام کا راستہ روکنے کے لئے اُنہیں کے درمیان سے اُن کے راستہ پر ایک مخفی دشمن بیٹھایا جائے جو ان کی ناکامی کے لئے اُن ہی کے ہاتھ سے وسائل مہیا کرے اور ایسی چیز کو ممکن بنائے، جس سے بنی امیہ کے مضبوط ترین قلعہ میں اُن ہی کے ہاتھوں نفوذ کیا اور اُن کی کامیابی کو ناکامی میں بدل کر رکھ دیا۔

وہ شرائط جو امام حسن ؑ نے صلح کی قرارداد میں رکھی تھیں ابھی چند دن نہیں گذرے تھے کہ امیر شام نے انہیں پامال کر دیا، جس دن عراقی فوج کا سپہ سالار مقام نخیلہ میں امیر شام سے جاملا تھا، اُس دن امیر شام نے اپنی کامیابی کی مستی میں خطبہ دیا اور کہا، اے اہل عراق! مجھے خدا کی قسم میں نے تمھارے ساتھ جنگ نماز و روزہ اور حج و زکواۃ کے لئے نہیں کی ہے، بلکہ میری جنگ فقط حکومت کے لئے تھی اور وہ خدا نے مجھے نصیب کردی ہے حالانکہ تم اسے نہیں چاہتے تھے! اب تجھے معلوم ہونا چاہیے کہ جو امتیازات میں نے حسن بن علی علیہما السلام کو دیئے تھے اب وہ سب میرے پاس ہیں! جونہی بیعت کا کام اپنے اختتام کو پہنچا، اس نے دوبارہ خطبہ دیا، حضرت علی ؑ اور امام حسن ؑ کو نازیبا الفاظ سے پکارا، امام حسین ؑ اٹھے تا کہ اُسے جواب دیں مگر امام حسن ؑ نے روک لیا!۔

تھوڑی ہی دیر بعد آپ خود اٹھے اور فرمایا اے امیر شام تو نے جو حضرت علی ؑ کا نام لیا ہے! میں حسن ؑ ہوں اور علی ؑ میرے باپ ہیں، تو معاویہ اور تیرا باپ صخر ہے میری ماں فاطمہ بنت اسد اور تیری ماں ہند ہے، میرے جدّ امجد پیغمبر اکرم ﷺ ہیں اور تیرے جد عتبہ ہے، میری جدّہ خدیجۃ الکبریٰ اور تیری جدّہ فتیلہ ہے، ہم دونوں میں سے خدا اُس پر

....

بعد والی تعداد کافی زیادہ تھی (مترجم)

لعنت کرے جو حسب ونسب کے لحاظ سے پست تر ہو، جن کی نسل اسلام کیلئے ننگ و عار کا سبب ہو اور اس کا گذشتہ شریر ترین ہو، جس کا سابقہ زمانہ کفر و نفاق میں گذرا ہو، امام حسن علیہ السلام کی اس آواز پر مسجد کے اکثر افراد نے آمین کہی، اس کے بعد امیر شام کی سیاست نے پے در پے کتاب وسنت کی مخالفت میں راہ پیدا کیا، منکرات دینی (یعنی فعل حرام) کو انجام دیا جس سے اُس کی واقعی شکل ظاہر ہوگئی، اُس کی خلاف کاریوں کے چند نمونے موجود ہیں۔

نیک لوگوں کو قتل کرنا، لوگوں کی ناموس کی آبروریزی کرنا، بیت المال کا بے دریغ خرچ کرنا، آزاد لوگوں کو زندان میں رکھنا، اصلاح طلب لوگوں کو وطن سے نکال دینا، حکومت کے بدترین لوگوں کی حمایت کرنا، مثل عمرو عاص، مغیرہ بن شعبہ، خالد بن سعید، بسر بن ارطاۃ، ابن جندب، ابن السمط، مروان بن حکم، ابن مرجانہ، ابن عقبہ زیاد بن سمیہ اور اس قسم کے دوسرے افراد کی حمایت کرتا تھا، زیاد بن سمیہ وہ شخص ہے جس کے بارے میں امیر شام نے اُس کے باپ عبید کی نفی کی تھی، بلکہ اُس کو اپنے باپ ابوسفیان کی طرف نسبت دی کہ یہ اس کا بیٹا ہے چونکہ ابوسفیان اس کی ماں کے ساتھ نامشروع تعلقات رکھتا تھا تاکہ اس کو اپنے بھائی ہونے کی نسبت دے سکے، اس طرح اُس کو عراق کے شیعوں پر مسلّط کیا، جس کے ہاتھ سے عراق میں شیعوں کے خلاف ایسی آگ روشن کی جس کا بیان کرنا بہت سخت ہے۔

اُن کے نوجوانوں کو قتل کیا، اُن کی عورتوں کو کنیز بنایا، بغیر مالک بھیڑوں کے گلہ کی طرح ظلم کے ساتھ اُن کو وہاں سے منتشر کیا، اُن کے گھروں کو جلایا، اموال کو لوٹا، بلکہ خلاصہ کلام یہ ہے کہ جس طرح ہوسکا اُن پر ظلم وستم کیا، امیر شام کا آخری جرم جس کا ارتکاب کیا یہ تھا کہ اپنے بدترین فرزند یزید کو مسلمانوں پر مسلّط کر دیا اور اس بدترین شخص کے ہاتھوں کو مسلمانوں کے دین ودنیا کو کھلونا بنانے کے لئے آزاد چھوڑ دیا، بلکہ اس پلید ترین شخص سے ایسی جنایات سرزد ہوئیں جو ناقابل جبران ہیں! مثل واقعہ کربلا، قتل عام حرہ اور کعبہ کو سنگباران کرنے جیسے واقعات ہیں!

امیر شام کا یہ آخری جرم وجنایت اس کی حکومت کے تمام ابتدائی جرائم سے منسلک تھا، اگر چہ اس کے جرائم کی ابتداء اور انتہا کے درمیان بہت فاصلہ تھا مگر اس کی شرارتیں وجنایتیں اس قدر منظم تھیں کہ انسان کو تعجب میں ڈال دیتی ہیں، چند سال میں ان کو کس طرح انجام دیا گیا اور لوگوں نے اُن کو کیسے برداشت کیا ہے؟! اگر اس کے ظلم وشکنجوں کو دنیا کے تمام لوگوں کی عمر پر تقسیم کیا جائے تو تمام لوگوں کی زندگی کو جہنم میں تبدیل کر سکتے ہیں، بہر حال مہم یہ ہے کہ بعد والے تمام حوادث امام حسن علیہ السلام کے راہ روش کی تفسیر کرتے ہیں، لیکن امام حسن علیہ السلام کا مہم ترین ہدف یہ تھا کہ اس طاغوت کے چہرہ کو بے نقاب کیا جائے اور وہ خواب

جو بنی امیہ والے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے بارے دیکھ رہے تھے اُس کی تعبیر کو ظاہر ہونے سے روکا جائے، پس امام حسن علیہ السلام کا یہ مقصد پورا ہو گیا جس سے اُن چوروں کا بناوٹی چہرہ ظاہر ہو گیا اور بنی امیہ کے سر پر رسوائی کے بادل اُمڈانے لگے حمد و ثناء ہو خدا کی نعمات پر، جس کی بابرکت تدابیر سے آپ کے بھائی سیّد الشھداء امام حسین علیہ السلام نے قیام عاشوراء سے ایسی حقیقت کو روشن کیا، جو صاحبان عقل کے لئے ہمیشہ عبرت ناک ہے، امام حسن و امام حسین علیہما السلام رسالت کے دو رخ ہیں ان پر درود وسلام ہو، جنہوں نے حالات کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داری کو اپنے اپنے مقام پر انجام دیا یہاں تک کہ فداکاری وقربانی میں ایک دوسرے کے ساتھ برابر کے شریک رہے۔

امام حسن علیہ السلام نے بھی اپنی جان قربان کرنے میں کوئی دریغ نہیں کیا مگر امام حسین علیہ السلام نے میدان کربلا میں اپنی جان قربان کردی اور امام حسن علیہ السلام نے اپنی جان کو جھاد صامت کے لئے آمادہ رکھا کیوں؟ چونکہ وقت کا تقاضا ہی یہی تھا، لیکن قبل اس کے کہ شہادت کربلا حسینی ہو حسنی بھی تھی، صاحبان عقل کے نزدیک صلح امام حسن علیہ السلام مفہوم فداکاری و شہادت سے زیادہ مخلوط ہے حتی شہادت امام حسین علیہ السلام کے ساتھ، کیونکہ امام حسن علیہ السلام میدان فداکاری میں ایک نہ تھکنے والے رہبر تھے، جنہوں نے محکم پائیداری و ثابت قدمی اور اپنے مظلومانہ چہرہ سے دشمن کو مغلوب کردیا، عاشوراء کے دن شہادت امام حسین علیہ السلام اس لئے شہادت حسنی بھی تھی کہ اس شہادت کی بنیاد و نقشہ اور وسائل امام حسن علیہ السلام نے فراہم کئے تھے، چونکہ امام حسن علیہ السلام کی کامیابی اس بات پر موقوف تھی کہ آپ صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اور اُن کی حقیقت کو بے نقاب فرمائیں۔

اس بات کی روشنی میں امام حسین علیہ السلام نے جو، ابدی کامیابی و نصرت حاصل کی ہے یہ ان دو پاک گوہروں کے ہم رکاب ہونے کی وجہ سے تھی، چونکہ حکیمانہ صبر و تحمل اور پائیداری امام حسن علیہ السلام کی طرف سے اور جرأت مندانہ قیام اور یزید لعن اللہ علیہ کی بے دینی کا مقابلہ امام حسین علیہ السلام کی طرف سے تھا، ان دو صورتوں سے ہی ایک باہدف و کامل جنگ کا نقشہ اور ایک ہی مقصد وجود میں آتا ہے۔

ان دو واقعہ یعنی صلح امام حسن علیہ السلام اور شہادت امام حسین علیہ السلام کے بعد جب لوگ ان واقعات پر نگاہ ڈالتے ہیں تو بنی امیہ میں فقط جاہلیت و کمینگی کو دیکھتے ہیں، اگر تمام دنیا کی جاہلانہ کارستانیاں اور ظالمانہ کاموں کو جمع کیا جائے تو یہ ان کی ظالمانہ کارستانیاں اور ظلم، اسلام اور مسلمانوں کے لئے اُن سے کم نہیں ہیں، لوگوں نے بنی امیہ کو ایک دم دار بندر کی طرح پایا ہے جب بھی یہ لوگ منبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جاتے تو امت مسلمہ کو اپنے دانتوں سے بھیڑیا کی طرح کاٹتے تھے اور بچھو کی طرح ڈستے تھے،

چونکہ اب بھی ان میں وہی اباء واجداد والا بدترین چہرہ موجود تھا، لیکن تربیت اسلام ان کی شرارتوں سے اثر انداز نہیں ہوئی اور نہ ہی مکارم اخلاق محمدی نے ان کی وجہ سے پستی اختیار کی ہے۔

وہی جنگ اُحد میں ان کا جگر چبانا ہی تھا کہ بنی امیہ کے بدترین کینہ نے ان کو عاشوراء کے دن جلاد وخون خاری میں تبدیل کر دیا تھا، حتی یہاں تک پہنچے کہ قتل امام حسین علیہ السلام پر بھی راضی نہیں ہوئے بلکہ اُن کے بدن مبارک کو گھوڑوں کے سموں سے پامال کیا، پھر اُن کے بدن مبارک کو برہنہ تپتے ہوئے ریگزار میں بلا کفن ودفن زمینی درندوں اور آسمانی پرندوں کے لئے چھوڑ دیا، اُن کے سروں کو نیزوں پر بلند کر کے شام لے گئے، یہاں تک بھی راضی نہیں ہوئے بلکہ مخدرات عصمت وطہارت نواسیاں رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسیر کر کے شہر بہ شہر لے جایا گیا!!! لوگوں نے دیکھا کہ امام حسن علیہ السلام نے مسالمت وصلح کر لی ہے لیکن یہ صلح بھی امام حسن علیہ السلام کو ان کی وحشیگری اور پلید نیتوں سے محفوظ نہ رکھ سکی حتی کہ امیر شام کی دشمنی نے امام علیہ السلام کو زہر سے شہید کر دیا۔

لیکن امام حسین علیہ السلام نے دیکھا کہ اس امت مسلمہ کو بنی امیہ کے چنگل سے آزاد کرنے کا وقت آن پہنچا ہے اور اس کے لئے میدان ہموار ہے تو آپ نے قیام فرمایا، لیکن یہ قیام بھی ان کو بھیڑیا صفت اور وحشیگری سے نہ روک سکا حتی کہ ان کی یہ وحشیگری بہت آگے تک نکل گئی، حق تو یہ ہے کہ لوگوں کی عمومی رائے اس آتش سوز اسرار کو کھولتی اور تمام مقامات پر دقت نظر اور کامل سوجھ بوجھ سے اس حقیقت کو دیکھا جاتا تا کہ پتہ چلے وہ کون سے عوامل تھے جنہوں نے بنی امیہ کو خاندان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منحرف کیا ہوا تھا، اگر دل کی آنکھوں اور ہوش وہواس سے دیکھا جائے تو صدر اول سے لے کر آج تک کون سے راز وسر گوشیاں ہوتی رہی ہیں، ان ستم پیشہ بنی امیہ نے چراغ آل محمد علیہم السلام کو خاموش کرنے کی کوشش کیوں کی ہے تا کہ امت اسلامی کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھنے کے راز کو پہچانا جا سکے؟ ہاں ان ۲ وجود مقدس امام حسن وامام حسین علیہما السلام کی برکت وحکیمانہ تدبیر نے بنی امیہ اور ان کے دوستوں کی ظاہری و پوشیدہ کارستانیوں سے ایسا پردہ اٹھایا کہ لوگوں کی نظریں ان کو دیکھ کر دنگ رہ گئیں، اس سے لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ بنی امیہ اور اسلام کے درمیان جو عداوت ودشمنی کا گہرا ربط ہے یہ قابل صلح نہیں ہے، کیوں؟ اگر امیر شام کا مقصد فقط حکومت لینا تھا نہ کہ اسلام سے دشمنی، تو وہ امام حسن علیہ السلام کا صلح کر لینے سے حاصل ہو چکا تھا پھر امام علیہ السلام کو زہر سے مسموم کیوں کیا ؟

پھر ان پر اور دوسرے اصحاب پر ظلم وبیداد کیوں؟ ان کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے لئے کمر بستہ کیوں؟ اس کی کیا دلیل